بیٹھ کر قصر پو کرتی تھی بات

قصر کے سامنے جب آیا شاہ
سخت اُس وقت اتھی گرم ہوا
اتنے مین شاہ گیا اُسکے گھر
خوش ہو سرور کو بلائی خاتون
کام اِس بار ہوا ئی خوشدعات
میسرہ کو او لکھی جلد جواب
میسرہ سے او کہا یون ملعون
شہ خدیجہ کا دیا نامہ خط جب
تب ہو شرمندہ کہا او ملعون
جلد بھیجا او لعین اپنا غلام
آگے کی رُوز کے احمد آکر
سخت شرمندہ ہوا او ملعون
میسرہ جھوٹ سرا یا شہ کو
مال کا نفع ملیا جو اس سال
دس ہزار اُسکو دئی درہم او
جو تجارت مین ملیا سود مین بار
بہوت ہی دِل مین تمنّا اُسکو
بولی اُس زن کو بُلا کر خاتون
دِل کتین دیکو خدیجہ کے سرور
فضل سے حق کے ہوا ہی تو جوان
او کہی ہووے اگر کوئی عورت
خرچ کا تجھ تو پڑے گا نا بار
ویسی عورت ہے خدیجہ بیشک
تجھ سے راضی ہے مین کہتی ہون
بھائی او عم کو بلا کر بولی
یعنے لے ساتھ اپن خویشان کو
دنگ اِس فکر مین تھے سب او فریق
بس ابو بکر کہا شہ سے ندا
مجھکو تو لیا تھا او جب احمد کو

جا پڑی اُسپو خدیجہ کی نگاہ
سر اُپر ابر اُسے چتر ہوا
باندی یک جا کو کری اُسکو خبر
شہ دیا میسرہ کے نامے کو
یہہ محمد ﷺ کئے اُٹھے سب برکات
پھر محمد ﷺ کو چلائی بشتاب جلد
قول کو میرے نہین مانیا تون
خوش ہو بوجہل کو او بولیا تب
نین ہی اِس خط پو تیقین مجھکون
جا خدیجہ سے منگیا او انعام
او نت لے مجھ سے ہوا رہ سیم
دل ہوا اُسکا یہہ غم سے پُرخون
اس رسالت کے گگن سے مہ کو
سُن کو یہہ بات ہوی او خوشحال
نا او کس سے نہ کہے باتان او
تھا او القصّہ ملا حدّو شمار
کہ کرے اپنا نکاح سرور سو
دلمین جو قصد ہوا تھا اُسکون
وان سے اُٹھ آئی او سرور کے حضور
کیون نہ کرتا ہی تو عقد ای سلطان
ہی اُسے سیرت خوب او صورت
کیا تو کہتا ہی تب ای شاہ خیار
ہی کمالات مین عورات مین یک
تول یہہ بات اُتھی او وھان سے جن
بھید کو دِل کے اُنو کن کھولی
آ فلان وقت بھتر میریان تو
آیا اُن پاس یکایک صدیق
مجھکو یک کینہ دیا تیرا احد
ہووے درکار تو دے اُسکو تو

دیکھی آتا ہی یک اُشتر کا سوار
پوچھی عورات سے آتا ہی یہہ کون
کہ محمد ﷺ نے سفر سے آیا
اُس صحیفے کا اتھا یون مضمون
جب صحیفے کو پڑھی سب خاتون
شہ اُسی رُوز گیا میسرہ کن
آخر احمد نے گیا راہ کو بھول
ای ابوجہل کیا تو گمراہ
کیون او پچھے دِنکی چلیا رہ مکین
سخت برہم ہوا سے کی خاتون
ہو کو شرمندہ او ناپاک چلیا
کاروان بعد کتے دِن بہ ظفر
رہ مین سرور سے جو دیکھا تھا عیان
میسرہ کو او کہی کین مت بول
جو متاع شام ستی او لایا
جب خدیجہ نے بُجھائی یہہ حال
ایک زن عقل مین تھی بے ہمسر
بولی تو خوش ہو مین اب جاتی ہون
بولی ای شاہ تو فرما مجھ کو
شہ کہا مال نہین میرے کن
مال رکھنی ہے بہت او کچھال
شاہ بولیا ہی کہان ویسی زن
شہ کہا اُسکا کرون کیونکہ پیام
بس کہی جا کو خدیجہ کے حضور
بھیجی یک شخص کتین سرور کن
خوب کپڑے تھے تب شاہ کنے
بولیا پاتا ہو تمین تیرے تمن بلال
یکہزار اُسکے بھتر تھے دینار
خوش ہو سرور نے لیا ہو سوا

تھا سبک سیر بہت بجلی سار
بولی شاید ہی محمد ﷺ شہ کون
کاروان سیتی بشارت لایا
کہ ملیا نفع بہت آب ہمکون
او نت باساز دئی سرور کون
خوش ہوا دیکھ ابوجہل کا من
میسرہ دل مین ہوا سخت ملول
ہی رہِ راست پو ثابت او شاہ
بھیجتا ہون مین کسیکو اُس جگہ
کیا تو کرتا ہی تمسخر مجھ سون
بعد کی دِن کے او ملعون سے ملیا
آیا خاتون کے منزل کے بھتر
سر بسر اُسکا کیا اُس سے بیان
اِن حکایات کو رکھ یاد یہہ قول
نفع اُسکا بھی سکے مین پا یا
او سنی شاہ کے اوصاف کمال
نام تھا اُسکا نفیسہ کر کر
اُسکو اِس بات اُپر لاتی ہون
کس سبب بیاہ نہین کرتا تو
کسطرح بیاہ کرون مین ای زن
شرف و فضل مین نہین اُسکو مثال
او کہی سُن تو ای سالارِ زمن
او کہی مین ترا کرتی ہون کام
سنکو یہہ مژدہ ہوی او مسرور
خواستگاری کے بدل آ مومن
اُس بدل سب او پڑے رنج منے
شہ کہا کھول کر اُس سے احوال
او رکی تھان مین با نقش و نگار
تن اُپر اُس سے کیا اپنے لباس

چتر سایہ ۱۲
گگن آسمان ۱۲
خیار برگزیدگان ۱۲

اور خدیجہ بھی کری جلد روان
ہی روایت کہ او پیسے اور نہان
پس ابوبکر کو بولیا سرور
خوش ہوا آپس کو بستار جاتون
لولو و زر سے رکھی طبقان بھر
بیاہ کا اُسکے ہوا والی عم
حمد حق کو کہ کیا ہی ہمکو
اور دیا کعبہ کرا احسان ہمکو
اور یہہ لوگان کا کیا ہمکو رئیس
اُسکے مانند نہیں ہے کوئی مرد
مال سایئے کے نمن ہی زایل
او کیا اپنا خدیجہ سے بیاہ
ہی قسم یہہ ہی براشاہ کریم
پس کہا سچ ہین یہہ باتان بیشک
جب ہوا عقد مبارک باہم
باندیان گھر مین خدیجہ کے سب
نذر سرور کو کری او سب مال

واسطے شہ کے لباس شاہان
تھے ابوبکر کے بیشک و گمان
آمرے ساتھ خدیجہ کے گھر
گھر کتین اپنے سنواری خاتون
تا نثار اُسکو کرے شہ کے اُپر
عمر تھا نام سے جسے ای اکرم
آل مذ نوح و خلیل اللہ ستو
اور کیا اُسکا نگہبان ہمکو
لوگ سب تن ہین ہمین ہین جون سیس
سب کمالات مین ہے بیشک فرد
باندتا نین ہی دل اُسپر عاقل
لوگ اسبات اُپر سب ہین گواہ
ہو وینگی اُسکو بڑی شان عظیم
ناخلاف اُسمین کرینگا کوئی یک
سب کو مہمان کیا شہ کا عم
دف بجا گائے بصد فرح و طرب
کام سے اُسکے ہوا شہ خوشحال

شاہ بولیا کہ نہیں ہون گا مین
دفع منت کے بدل او تحفہ
الغرض ہین کو شہ خوب لباس
واسطے شاہ کے اوبا انداز
شہ کے آنے سے بہت ہو دلشاد
اسطرف شہ کا چچا خاطر خواہ
جان تک اولاد مین از سعد و مضر
روز و شب او حرم امن و امان
بولتا ہون ہین پس از حمد صمد
گرچہ سپاس نہین ہے کچھ کمال
جانتے ہین تمھین احمد کو سب
مہر اُسکا مین بندیا بے تکرار
جب او خاموش ہوا خطبے ستو
کردیا بیاہ خوشی سے اب مین
بے تکلف سے کھلایا سب کو
مبلغ مہر کو سن ای ہشیار
جب ملیا مال او سب سرور کو

خُر ابوبکر کے کنیزان کے تئین
شاہ کے جد کا لیا نام نکو
لے عزیزان کو گیا اُسکے پاس
فرش دیبا کا کری با انداز
کی کنیزان کو کری او آزاد
لی فصاحت سے پڑیا خطبۂ بیاہ
ہمکو اُن سب مین کیا ہی بہتر
ہی حفاظت مین ہمارے ہر آن
کہ مرے بھائی کا بیٹا احمد
حد ستی اُسکا زیادہ ہی کمال
اُسکا ظاہر ہے حسب او نسب
اسقدر نقد ہی اور یہہ ہی دھار
عم خدیجہ کا پڑیا خطبے کو
مصطفیٰ ساتھ خدیجہ کیتین
خوش ہوے لوگ سب اُس شادی ستو
چار سو زر کے اتھے سب دینار
نقد جاتا رہا بوطالب ستو

در بیان احوال سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازین عمر تا چہل سال

شہ کی اُس عمر ستی تا چہل سال
ایک کوئی شخص ہوتا تھا عیان
دیکھ اُس نور کو خوش ہوتا تھا
اُس شہنشاہ ستی وقت گذر
اور اُسوقت مین گر کوئی تنہا
گرچہ کرتا تھا ہراسان ہو نگاہ
جا کو کہتا تھا خدیجہ سے یہہ بات
جمع رکھ خاطر پاک ای سرور
حکم سے حق کے تھا جبریل کریم
تیس پر تین ستی تا چہل سال
اور آگے وحی کے اُس سرور پر

ہی کرامات دسے در ہر حال
چشم پر شاہ کے روزان و شبان
دل کے اندوہ کتین کھوتا تھا
اسطرح بولتا تھا سنگ و شجر
او شہ کون و مکان جاتا تھا
سید ہے اور داوین طرف پنے شاہ
اور کہتا مجھکو ہوتی کچھ آفات
دیونگا خبر تجھے لئی داور
اس شہنشہ کا شب و روز ندیم
تھا سرافیل او شہ کے دنبال
چھے مہینے تلک ای نیک سیر

پانزدہ سال اول بعثت ستو
اور آگے وحی کے او سات برس
اور ہوا وحی کا جب وقت قریب
یا رسول اللہ ترے بر دلت
آتا تھا غیب سے اُسکو آواز
کوئی نہ آتا تھا نظر مین اُسکو
کرتی تھی شہ کو تسلی خاتون
بھی روایت ہی کہ از گیارہ سال
جان او جاتا تھا شہ عالی ذات
دل سے سرور کے تھا غمخواری مین
خواب ہوتے تھے بہت سے ظاہر

سنتا تھا غیب کے آوازان کو
ہر زمان نور لکھاتا تھا سرس
جس مکان بیچ گذرتا تھا حبیب
ہوتی تھی اُسے سلام و صلوات
یا محمد کہ ای اہل نیاز
گھر کو جاتا تھا شتابی وان ستو
کچھ نہ ہوئیگی مضرت تجھکو
تیس پر تین تلک در ہر حال
جبرئیل اُسکے بھی رہتا تھا سنگات
روز و شب اُسکے اتھا یاری مین
کوئی اُس راز سے نہین تھا ماہر

خواب جون دیکھتا تھا شاہ زمن — دستا بیداری مینے صبح مین
اُسی پو اُس کوہ مین جبریل اُتریا — ماجرا اُسکا بہت ہی لنبا
جا کیا کوہ حرا مین خلوت — ہو رآگے وحی کے او باصفوت
سُن اُسے شوق سے دل کے انجان — مختصر اُسکا مین کرتا ہون بیان

در بیانِ ابتدای بعث و نبوت آنحضرت و نزولِ جبریل بر آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

یہی روایت کہ خدیجہ خاتون — دیتی تھی ستو سے توشہ شہ کون
بعد سہ روز او گھر کو آتا — توشہ لے پھر وہ جبل مین جاتا
عمر تھی اُسکی چہل تب بے قیل — اُس پو اُس کوہ مین اُتریا جبریل
بے حد آیا تھا عرق سرور پہ

لیکو او توشہ شہ جان افروز — خلوت اُس کوہ مین کرتا تھا سہ روز
یک بیک پیر کے دن اے اکمل — روز دو ہم ز ربیع الاول
اُس پو پنج آیت اقرا لایا — گھر کو تب اپنے شہنشہ آیا
آ خدیجہ کو سنایا یہہ خبر

در بیانِ فترت وحی و ذکرِ نزولِ سورۂ مدثر و حکمِ دعوت و رسالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بعد اس حال کے تا تین برس — فترت وحی ہوی ای باحس
وحی نا آنے سے سالار انام — تھا غم و درد مین بے تاب مدام
اُس پو جبریل ہویدا ہو تب — کہتا تھا یون تو نہو محزون اب
شاہ اس بات سے تسکین پاتا — پھر ہو بے تاب جبل پر جاتا
بعد اس دیر کے ای نیک سیر — سورۂ مدثر اُتری اُسپر
یہی روایت کہ ہین یکبار ای یار — آیا جبریل بہ نزدِ سالار
کرو ضو اُس سے پڑا دو رکعت — بعد اُسکے وہ کہا یا حضرت
بھوت مدت تلک ای باصفوت — فرض تھے دِنکو یہی دو رکعت
فرض ہوی سبکے اُپر پانچ نماز

معنے سرور پہ نہ لایا جبریل — وحی تا تین برس سُن یہہ قیل
جاتا تھا کوہ اُپر ہو غمگین — تا او آپکو گراوے بزمین
تو بلا شک ہی رسول اللہ — دین تیرا ہی زما ہی تا ماہ
پھر تسلی اُسے دیتا جبریل — ہوتا اُسوقت اُسے صبرِ جمیل
حکم دعوت کا کیا اُسکو حق — کر دیا اُسکو رسولِ مطلق
مارا جلدی سے زمین پہ وہ پاؤن — چشمہ یک نیر کا نکلا اُس ٹھاون
یون وضو کر کو دو رکعت پڑ تو — فرض ہی تیرے اُپر مولی سو
اور تھے فرض دو رکعت در شب — چار رکعت تھے یہی واجب
شبِ معراج مین ای صاحب راز

در ذکرِ اناکر اوّل بر آن حضرت کردید ند صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و رضی اللہ عنہم

اوّل سال خدیجہ خاتون — لائی ایمان مقدم سب سون
بعد ازین سعد بھی عبد الرحمان — اور طلحہ و زبیر و عثمان
جب ہوئے سبقت ایما مین طاق — اِس لئے ہی لقب انکا سباق
پڑتے تھے شاہ کے اصحاب نماز — غار ہو در کوہ مین چھپ ای دمساز

علی و زید و ابو بکر و بلال — لائے ترتیب سے ایمان فی الحال
رہنمائی ستی صدیق کے سب — پاے ایمان کا بیکدم منصب
بعد ازین عامر و دیگر اخیار — ہوئے ایمان سے مشرف ای یار
شہ بھی دعوت مین کرتا تھا جو خموش — آپنے جا گرا سکتے تھے کفار خموش

در بیانِ وقایع سال چہارم از نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

سالِ چارم مین جا فاصدع — اُترے جب شہ پو کیا سبکو جمع
اُن کے دیوان کو دیا دُو دُشنام — ہوونیگا انکا کہا بد انجام
جد و آبا تھے تمھارے گمراہ — ہوو اب جلد خدا سے آگاہ
جب یہہ ارشاد سنے سب کفار — اُسکی ایذا پہ کئے ہین اصرار
اُسکو آزار بہت پہنچائے — ہر گھڑی اُسپو بلا یک لائے
اُسکے اصحاب کو دیتے تھے عذاب — کرتے تھے تلخ انو پہ خور و خواب

آیتان دونون سنایا اُنکو — بھوت دوزخ سے ڈرایا اُنکو
بولا ای سارے قریش و عربان — ہین ضلالت مین تمہین سرگردان
رسمونکو کفر کے تم جاؤ بھول — بُت پرستی کے اُپر ڈالو دھول
باندھے سب اُسکے عداوت پہ کمر — فکر مین اُسکے پڑے شام و سحر
الغرض اُسکے لئے وہ کم ظرف — اور زور اپنا کئے ہین صرف
کرکو اُس جور اُپر صبر رسول — دعوتِ حق سے نہ ہوتا تھا ملول

سب وہ آزار و جفا سہتا تھا
ہر گھڑی بھوت منایا اسکوں
جاں دل سے تھا فدا اس شاہ پر
کرتی تھی اسکے غم و درد کو دور

انکا ہبو دہت چہتا تھا
شر ستی انکے بچایا اسکوں
دفع کرتا تھا اس سے ہر شر
دلکو کرتی اتھی اسکے مسرور

حق دیا اسکو تحمل ایسا
تھا را ابو طالب وہ سرور کا عم
گھر مین کرتی تھی خدیجہ خاتون
ساری امت کے طرف سے مولا

کہ وہ سب جور و جفا کو سہتا
جان نثار اسکے اپر تھا ہر دم
بھوت تسکین وہ دلاسا شہکون
دیوے اس سابقہ دین کو جزا

دربیانِ وقایع سالِ پنجم وششم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

ظلم کفّار ہوا بے حد جب
کو نہی بھی غیر علی و صدیق
بادشہ وھاں کا نجاشی ای یار
تا ہووے پور بہ بیاسی وہ سب
ان سے اسلام نے قوت پایا

پانچوین سال مین ماہِ رجب
نین تھا اس حال مین سرور کا رفیق
انکی تکریم کیا ہی بسیار
زن و اطفال سوای نوح تواب

سارے اصحاب بحکم حضرت
پہنچے جب ملکِ حبش مین وہ کرام
بعد اسکے جو کوی ایمان لاتے
سال ششم منے حمزہ و عمر

گئے تکے سے حبش کو ہجرت
پاے وھان بھوت سرور و آرام
بے تامل وہ حبش کو جاتے
لاے ایمان بصد کرّ و فر
شوکت و حشمت عزت پایا

دربیانِ وقایع سالِ ہفتم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

ساتوان سال ہوا جب آغاز
نہ کرین بیع و شری ہور شادی
وہ دونوں قومِ نبی کو لیکر

سب قریش اور عرب ای ہمسا
ہور وہ تج مکہ بساوین وادی
جا رہے کوہ کے غاران اندر

عہد آپسمین کئے تھے اسد ھات
عہد نامے کے تئین لکھواتے
رہے وہان تین برس لگ کم وبیش

کہ بنی مطلب و ہاشم سات
ہور اسے کعبے اپر لٹکاتے
رات دن انکو تھی سختی دربیش

دربیانِ وقایع سالِ ہشتم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

آٹھوین سال منے سورۂ روم
حق او سورے مین کہا ای طالب

اتری سرور کے اپر کر معلوم
ہوونگی روم بفارس غالب

فارس و روم مین تھا جنگ اسدم
رومیان سات برس گذرے پیر

روم پر پایا ظفر اہلِ عجم
فارستان کے اپر پایا ظفر

دربیانِ وقایع سالِ نہم و دہم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

سالِ نہم مین رسولِ مختار
نوین مہینے منے از سالِ دہم
دکھ شہنشہ کو ہوا تھا بھاری
تین مہینے پیچھے شہ اس غم سے
بھوت اداسی ہو پھرا وھا سے شاہ
انزا اس راہ مین شہ پر جبریل
حکم مانگے کہ پہاڑون کو اٹھا
ہور ہوے اس سے وہان کے اعجاز
ہور اسی راہ کے درمیانے عداس

غار سے قوم کو لے آیا بھار
مر گیا شہ کا چچا بو جو تم
کہ نہ تھا کوئی کرے تا یاری
گیا غمگین ہو طرف طایف کے
یک مناجات کیا ہے درراہ
اس کتین بھوت منایا بے قیل
دالین کفّار اپر ان کو لجا
تا دل اسکا ہو سکون سے دمساز
لایا ایمان نبی کے آپاس
ہور اسی سال وہ شاہ آگاہ

حق کیا دور بلطف افضال
تین ون اسکے تھکے بس اب لون
کافران دینے لگے بھوت آزار
سفہا وھان کے ستاے اسکوں
وہ دعا درد و الم سے ہی پور
اور کیتیک ملایک آئے
جوشِ شفقت سے وہ ابرِ رحمت
ہور اسی راہ مین اسیاس آجن
ہور اسی سال مین وہ شاہنشاہ
عایشہ ساتھ کیا اپنا بیاہ

ہاشمی مطلبی سے جنجال
گئی جنت مین خدیجہ خاتون
کہ بیان اسکا ہی لکھنے سے بھار
جہل سے بھوت دکھائے اسکوں
دل کو اندوہ سے کرتی ہی چور
بھوت و جہون سے اسے سمجھائے
انکو ہرگز نہ دیا یہہ رخصت
ہوے بے شبہ مسلمان اُس چھن
بنت زمعہ سے کیا اپنا بیاہ

دربیانِ وقایع سالِ یازدہم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

گیارہوین سال مین شاہِ عالم	سب عرب سیتی کہا در موسم	تاکرین وین کتین اسکے قبول	ہوکرین اسکی کمک از ہر سول
اسکی دعوت کو نہین پایا کوئی	قدر کو اسکے نہ پہچانا کوئی	ہور اسی سال کے آخر ای یار	آئے چھے شخص ز قوم انصار
اسنے بھی شاہ کہا جا اسطور			لائے سرور پہ وہ ایمان فی الفور

در بیانِ وقایع سال دوازدهم از نبوّتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

بارہوین سال مین ای نیک مزاج	اس شہنشہ کو ہوا ہی معراج	ہی بیان اسکا مطوّل ای یار	ہونا تفصیل کو اسکے طومار
ہور اسی سال مین نزدِ شہ فرد	آئے انصار ستی بارا مرد	سرورِ دین کی قبولے دعوت	ہور دل و جان سے کیئے وہ بیعت
بھیجا عبد اللہ و مصعب کو شاہ	جانبِ طیبہ انو کے ہمراہ	تا وہ قرآن پڑاوین سبکو	دین کے احکام سکاوین سبکو
	پایا اسلام مدینے مین ظہور	ذکر سے شہ کے تھا ہر گھر معمور	

در بیانِ وقایع سیزدهم از نبوّت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

تیرہوین سال مین ای نیکوکار	آئے ستّر کے اپر پانچ انصار	صدقِ دل سے اس اپر لا ایمان	سب کیئے اس ستی عہد و پیمان
شاہ نے ان سے کیا بارا سردار	نقب انکا نقبا ہی ای یار	جب مدینے کے بہت سے سکّان	لائے سالار کے اوپر ایمان
کہا یاران سے کہ حق از رحمت	کیا تم واسطے دار الہجرت	جاؤ وھان آپنے اخوان کے پاس	عیش و راحت سے رہو ہو بیوسواس
جتنے اصحاب تھے نزدِ سرور	گئے وہ جلد مدینے کے بھیتر	یون کیئے انکا مدارا انصار	کہ مزید اسپہ نہین ہے ای یار
	حق کیا انکی ثنا در قرآن	ہو نبی انکو سراپا ہر آن	

ذکر وقایع سالِ چہاردهم وبیانِ ہجرت آنحضرت بمدینہ باسکینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

چودہوین سال مین وہ جان افروز	شہر مولود سے منے پیر کے روز	لیکو بوبکر کو آپنے ہمراہ	گیا طیبہ کے طرف ای آگاہ
رہ مین اور شہر مدینے کے بھیتر	مبحر سے بھوت ہوے از سرور	جب مدینے کے وہ حد مین پہنچا	بیگمان پہلے قبا مین اترا
اس مکان بیچ رہا دن چودا	وھان کیا مسجدِ تقوی کا بنا	جو مدینے مین رہے تھے انصار	آملے شاہ سے وھان ای ہشیار
روز پنجشنبہ وہان سے سرور	چلد یا قصدِ مدینہ کر کر	رہ مین جمعہ کی پڑا وہ نماز	اوّلِ جمعہ یہی ہے سن راز
بعد ازین شہر مین آیا سرور	ہو گیا اس سے وہ بیت المعمور	اوّل آتے ہی وہ شاہِ والا	مسجدِ خاص کا پایا ڈالا
جلد کئی دن مین اسے بنوایا	اور حجرات کا ڈالا پایا	ہور اسی سال مین شاہِ جان نے	مومنان اور یہود یا میانے
کردیا صلح کیا کئی شرطان	عہدنامے کو لکھا اس آن	ہور اسی سال کیا شاہِ عرب	اہل و اولاد کو مکے سے طلب
ہور مواخات کیا شاہِ جہان	اس برس بیچ میانِ یاران	ہور اسی سال گیا خلد مجہار	اسعد و خاص نقیبِ انصار
ہوی اسی سال مین شروعِ اذان	اور عبد اللہ و دیگر سلمان	لائے اس سال مین ایمان ای یار	ہین وہ سرور کے صحابہ مین کبار
ہور اسی سال ہوا فرضِ جہاد	اس شہنشہ کے اپر رکھ تو یاد	اسکے غزوات تھے سب ستّاوِیس	کہ اتھائیس وہ بانفس نفیس
ہوی دس جنگ مین ای یار لڑائی	باقی جنگون مین نہین ہوی بھائی	جو لڑایان مین گیا وہ رئیس	ہی عدد انکا تو سن سینتالیس
	یہہ جہادات سن ای اہلِ ادب	ہوے دس سال مین واقع سب	

در بیانِ وقایع سال دوم از ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

سال دوم سے منے بے قیل و قیل	ہو گیا قبلہ بلا شک تحویل	تھا اول بیتِ مقدس قبلہ	پس ہوا کعبہ اقدس قبلہ

ہور اُسی سال سنو ای یاران
ہور اُسی سال منے بے تکرار
ہور اُسی سال ہوا غزوہ بدر
ہور اُسی جنگ کے بعد از ایجان
اُس غزا بیچ ابو جہل لعین
بیگمان اول بعثت مین شاہ
ابن شیبہ و بیسر سفیان کا

ہو گئے فرض صیام رمضان
صدقۂ فطر ہوا فرض ای یار
ہے بری جسکی بہت عزت و قدر
لایا عباس نبی پر ایمان
قعر دوزخ مین ہوا گوشہ نشین
کر دیا تھا اُسے عثمان سے بیاہ

ہور اُسی سال مین زہرا کو شتاب
صدقۂ فطر کے بعد از سن بات
آن اُترے اُسمین ملک با کفار
تھے قریشو مین جو کفار کبیر
جب پھرا بدر سے وہ سالار
ہور ابو رافع و ابن الاشرف

کر دیا حیدر کرار سے بیاہ
ہو گیا اُمت اُپر فرض زکواۃ
بدریان سب ہین بہشتی ای یار
ہوئے اُس جنگ مین مقتول اسیر
گئی تھی جنت کو رقیہ ای یار
گئی ہو مقتول جہنم کے طرف
مارے جا کر لئے آتش مین جا

در بیان وقایع سال سیوم از ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اول سال سیوم شاہنشاہ
ہور اُسی سال کیا ہی وہ شاہ
ہور اُسی سال ہوا جنگ اُحد
قصہ بیر معونہ اے یار

ساتھ حفصہ کے کیا اپنا بیاہ
اُم کلثوم کا عثمان سے بیاہ
جسکے شہدا کو ہی رتبہ بیحد
ہے اُسی سال منے بے تکرار

ہور اُسی سال وہ روح الارواح
ہور اُسی سال ہوا ہی پیدا
ہور اُسی سال ہوا جنگ نضیر
ہور اُسی سال مین نازل دریاب مسکر

ساتھ زینب کے کیا اپنا نکاح
سبط اکبر حسن ابن نور ہدا
اور کی جنگ دگر بے تاخیر
بیگمان آیت تحریم شراب

در بیان وقایع سال چہارم از ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سال چارم مین ہوا ہی نازل
ہور اُسی سال ہوا ہی پیدا
ہور گئی اُس سال علی کی مادر
ہور اُسی سال مین ہی کم و بیش
ہور اُسی جنگ منے ای بھائی
بھیج مولا نے بہت سے آیات
ہور اُسی سال کے آخر دریاب
ہور ہوا جنگ قریظہ ای یار

حکم قصر صلوات ای کامل
سبط اصغر کہ ہی شاہ شہدا
فاطمہ بنت اسد خلد اندر
غزوہ مصطلق ای صفوت کیش
آیت حکم تیمم آئی
عایشہ کی کیا پاکی اثبات
جنگ خندق ہوا یعنے احزاب
بعد اُسکے نہین اُسمین تکرار

ہور اُسی سال وہ جگ کا ستا
ہور اُسی سال موا عبد اللہ
ہور اُسی سال ہوا ای دمساز
ہور اُسی جنگ مین ہے روشن دل
ہور اُسی جنگ منے ای یاران
اُسکو بہتان سے کیا حق پاک
ہوئے اُس جنگ مین ای نیک سیر
ہور اُسی سال منے سعد موا

اُم سلمہ کو نکاح مین لایا
سرور دین کا نواسا ای آہ
خوف کے وقت جو ہی حکم نماز
سورۂ شرح منافق نازل
قصہ مشکل افک بہتان
جو کئے جھوٹ کیا اُنکو ہلاک
معجزے ہوئے عیان از سرور
جسکے مرنے سے ہلا عرش خدا

در بیان وقایع سال پنجم از ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سال پنجم منے ای دوست سنج
سکی ترویج کی ہے شان جلیل
ہی اُسی سال منے ای خوش ڈھنگ

فرض مولا نے کیا سب پر حج
تحفہ مین اُسکے کیا ہون تفصیل

ہور اُسی سال منے ای آگاہ
اُترے اُس بیاہ مین آیات حجاب

حق کیا شاہ کا زینب سے بیاہ
معنیان اُسکے مفصل دریاب
دومۃ الجندل ولحیان کا جنگ

در بیان وقایع سال ششم از ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سال ششم مین ہوئے ای یاران
ہوی اُسی سال مین نازل ای یار
اہل تحقیق کن ای صاحب دین

سب پو مشروع نماز باران
بیگمان آیت احکام ظہار
ہی حقیقت مین یہی فتح مبین

اور صلوات خسوف اور کسوف
ہور اُسی سال مین جو قصیہ ہے
اہل مکے سے کیا صلح رسول

سنت اُس سال ہوئی ہی معروف
جس کتین نام حدیبیہ ہے
ہوا اُس صلح سے حاصل مامول

ہور اُسی صلح منے بے تکرار	شرکیا بیعتِ رضوان ای یار	اُسکے پیدا شوا تھے تب اصحاب	سب وہ نیک ہین بہشتی دریاب
خالد و عمر و عقیل و عثمان	لائے اُس صلح کے بعد ایمان	ہور اُسی سال مین ہے بے تکرار	غزوہ ذی قرد ای نیک شعار
ہور اُسی سال منے ثبت ہوا	بنگمان قصۂ عرینیان کا	ہور اُسی سال مین اُمّ رومان	اہلِ صدّیق مری ہی ای جان
ہور اُسی سال کیا زید غزا	بنگمان قوم فزاری پہ جا	ہور اُسی سال مین شاہِ دو جہان	سارے شاہان کو لکھا ہی فرمان

دربیانِ وقایع سالِ ہفتم از ہجرتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

ساتوین سال مین ای نیک سیر	سرورِ دین کیا فتحِ خیبر	بو ہریرہ یہہ غزا مین آیا	شرف اسلام کا جلدی پایا
فتح کے بعد حبش سے اصحاب	ملے خیبر مین شہنشہ سے شتاب	ہی اُسی سال کے آخر ای یار	غزوۂ ذاتِ سلاسل کا شمار
	ہور اُسی سال کے آخر خوشدہب	ہی قضا عمرہ کیا ای اہل ادب	

دربیانِ وقایع سالِ ہشتم از ہجرتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

آٹھوین سال مین سالارِ بشر	اپنے مسجد مین بنایا منبر	ہور اُسی سال مین شہ کی دختر	یعنے زینب گئی جنّت اندر
ہور اُسی سال مین سُن ای سامع	غزوۂ موتہ ہوا ہی واقع	ہور اُسی سال مین ای صفوت کیش	غزوۂ خبط ہوا بے کم و بیش
ہور اُسی سال بہ ماہِ رمضان	فتح مکّے کو کیا شاہِ جہان	بعد اُس فتح کے ہی جنگِ حنین	جنگِ اوطاس ہے پیچھے بے مین
بعد اوطاس ہے جنگِ طایف	ہور ہوے بہوت اموراے عارف	اور یاران کو کیا شاہ روان	توڑنے تا جو ہین عرب بیچ بتان
سب وہ دیوان کے ہین جا توڑے	ایک بت کو بھی کہین نین چھوڑے	ہور اُسی سال مین کعب و عبّاس	لاے اسلام نبی کے آ پاس
اور مولود ہوا ابراہیم	گل گلزارِ رسالت کا شمیم	اور اُس سال و کچھ آگے سالار	چو طرف فوجون کو بھیجا بسیار

دربیانِ وقایع سالِ نہم از ہجرتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

سالِ نہم مین وفود آے بہت	ایمان اُس شاہ اپر لاے بہت	نام اُس سال کا ہی سالِ وفود	معنی اُسکی ہی جماعت سن زود
جو وفود آے ہین نزدِ سالار	ساتھ سے کچھ ہین زیادہ ای یار	ہور اُسی سال مین ہے جنگِ تبوک	جسکے سختی مین نہین ہے کچھ چوک
اُس سبب سے بکلامِ علّام	اُس کتین ساعتِ عسرت ہی نام	ہور اُسی سال مین سرور کے ستہ یار	رہے دور اُس ستی ای نیک اطوار
آخر اُن کا ہوا توبہ مقبول	دل مین اُس نقل سے لگتی ہی ہول	اور اُس سال مین بھی شاہِ جہان	بہوت عمدون کو لکھا ہی فرمان
اور اُس سال مین اونورِ خدا	رہا ازواج سے یک ماہ جدا	جب ہوی آیتِ تخییر نزول	سب کئے ہین وہ شہنشہ کو قبول
ہور اُسی سال مین اُتری ہی بیان	آیتِ حکمِ لعان از قرآن	ہور اُسی سال ہوا ای عاجز	قصۂ غامدیہ ہور ماعز
ہور اُسی سال مین اُمّ کلثوم	گئی جنّت منے کر تو معلوم	ہور اُسی سال نجاشی ای یار	دارِ باقی مین گیا ای ہشیار
شہ جنازے پہ پڑا اُسکے نماز	اُس شرف سے کیا اُسکو ممتاز	ہور اُسی سال منے ابن اُبی	قعرِ دوزخ مین جگا پایا ہی

دربیانِ وقایع سالِ دہم از ہجرتِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

سالِ دہم مین جریر آیا ہی	شرفِ اسلام ستی پایا ہی	بے نہایت تھا جمال اُسکا عجب	اُس کتین یوسفِ اُمّت ہی لقب
ہور اُسی سال مین سالارِ زمن	بھیجا حیدر کتئین سوئے یمن	ہور اُسی سال مسیلم مغضوب	شاہِ عالم کو لکھا ہی مکتوب
ہور اُسی سال کیا بالا جماع	سرور کون و مکان حج وداع	جنت اُس حج مین کیا سبکو وداع	یہہ لقب اُسکا ہوا غیر نزاع
ہور اُسی حج مین ہوے بو جو تم	نازل یہہ آیتِ اکملت لکم	ہوے اُس سال وقایع بسیار	خاص کر حج مین بلا حدّ و شمار

در بیان وقایع سال یازدہم و ذکر انتقال سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

گیارہوین سال مین ای عالم ۔ ہوی عالم پہ قیامت قایم
بیے سالار رسل حج کر کر ۔ لایا تشریف مدینے اندر
جب گیا شہر محرم و صفر ۔ شام کے ملک نہ پہنچا لشکر
سرور اس دل کا اسامہ کو کیا ۔ ساتھہ اسکے بہت اصحاب دیا
اول ماہ ربیع الاول ۔ ہوا بیمار وہ شاہ اکمل
بھوت شدت سے اٹھی تپ اسیر ۔ ہور بہت زور سے تھا درد سر
دن بدن ہوتا تھا بھوت وہ آزار ۔ ہور کبھی بیہوشی ہوتی ای یار
ہور اس احوال مین ای نیک سیر ۔ کیا ہی بھوت وصایا سرور
روز دوشنبہ غرض وہ اجل ۔ بارہوین دن ربیع الاول
ملک عقبی کو سدھارا بے قیل ۔ کسکو طاقت ہی کرے یہہ تفصیل
کس کو طاقت ہی کہے ہجر حبیب ۔ جیسی انگار کی ہوتی ہی جیب
کسکو طاقت ہی کہے یہہ ونیاگ ۔ جس سے ہوتا ہی سخن جیک پہ آگ
کس کو طاقت ہی کرے یہہ نالہ ۔ جس سے ہوتا ہی نفس تبخالہ
کسکو طاقت ہی کرے یہہ فریاد ۔ جس سے دم ہووے بگولے کی نماد
کس کو طاقت ہی لکھے یہہ احزان ۔ جس سے اڑھتے ہین قلم کے اوسان
کسکو طاقت ہی لکھے یہہ تپاک ۔ جس سے خامے کا جگر ہووے چاک
کسکو طاقت ہی لکھے یہہ تپ و تاب ۔ جس سے کاغذ ہووے مثل سیماب
گر کرے خامہ خیال تحریر ۔ لیقہ ہو پاے قلم مین زنجیر
دل مین کسطرح سماوے یہہ جوش ۔ جس سے ہوتا ہی تصور بے ہوش
کیون کرے سینہ تحمل یہہ غم ۔ جس سے ہوتا ہی تخیل برہم
اول و آخر اپر یہہ ماتم ۔ ہول محشر سے نہین ہرگز کم
موج آنسو کی کئی تھی طوفان ۔ آستین بحر سے دیتی تھی نشان
ہر طرف صرصر آہو نکا سموم ۔ صور محشر کی مچایا تھا دھوم
جب ہوا چشم سے مستور او نور ۔ گھیری عالم کو سراسر دیجور
جب اٹھا وہ مہ تابان میرا ۔ سارے دنیا مین اندھیرا گھیرا
جب گیا وہ مہر خورشید منیر ۔ ہوگئی روے زمین مثل قیر
ہوے ایام سب اماس کی رات ۔ ہر طرف دھوم مچائی ظلمات
سخت حیرت مین پڑے سب عالم ۔ بلکہ حیرت سے ہوے سب بکدم
ہوے اس غم سے دکھیارے سارے ۔ دیکھنے ڈنکو لگے سب تارے
ہین وہ مہر فلک ناز و نیاز ۔ ہی حیات ابدی سے دمساز
اسکی رحمت ہی وہ بحر مواج ۔ جس کا ہی فیض سبھون پر کل آج
حق کا سایہ ہی وہ وحدت پایہ ۔ جاودان سب پہ ہی اسکا سایہ
رحمت اسکی ز ازل تا بہ ابد ۔ دمبدم کرتی ہے ہر شی کو مدد
اس لئے وہ دو جہان کا مولا ۔ یون سب اصحاب سے اپنے بولا
ہی تمھارے لئے یہہ میری حیات ۔ موجب خیر و فلاح و برکات
ہور تمھارے لئے یہہ میری ممات ۔ بیگمان ہی سبب خیر و نجات
یعنے در وقت حیات و پس ازان ۔ فکر ہی مجھکو تمھاری ہر آن
جون معین تھا مین تمھارا بحیات ۔ ہونگا اسطرح سے مین بعد وفات
دنیا و برزخ و محشر اندر ۔ تم سے مین دفع کرونگا ہر شر
تم کو لیجاؤنگا مین در جنات ۔ ہور بڑھاونگا تمھارے درجات
ای دو عالم کے رئیس و مختار ۔ ای ترے فیض کا سبکو آدھار
جیسا یہہ حرف مجھے سنوایا ۔ رکھہ تو میرے اپر اپنا سایا
دل کتین میرے ترا دیدار کر ۔ دونو عالم مین مجھے تیرا کر

در بیان اختتام این رسالہ میمنت انجام و مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

للہ الحمد کہ یہہ نسخہ خوب ۔ اب ہوا ختم بوجہ مرغوب
کم اسکے یازدہ از بارا سو ۔ سال ہجرت سے بنا ہی یہہ تو
اسکے بیتون کا عدد سن تو اب ۔ آٹھہ سو کے ہین اپر ستر اسب
یا الہی بحق جاہ رسول ۔ دے یہہ نسخے کو میرے رنگ قبول
از طفیل حسن و جاہ حسین ۔ دل محزون کو میرے دے سکھہ چین
بحق غوث معظم یا رب ۔ مشکلان کر تو مرے آسان سب
رکھہ مرے سر پہ تو عنایت کا تاج ۔ مت مجھے کر تو کسی کا محتاج
عافیت ساتھہ مجھے رکھہ خوشدل ۔ ہور مدینے مین مری کر منزل
کر محبت مین محمد کے فدا ۔ پیروی اسکی مجھے دے تو سدا
کر مجھے یون ترے محبوب مین گم ۔ کہ نہو پھر مری ہستی کو اگم

نادر ۔ مانند ۱۲
قیر ۔ رنگ سیل ۱۲
اگم ۔ نما ۱۲

خاتمہ کر تو میرا ایمان پر | بحق ختم رسل خیر بشر

پھر پانچوان رسالہ آرام دل نام اس رسالے مین بیان شمایل و اخلاق و عادات حضرت خیر الانام ہی

پانچوین رسالے کے بیتونکا وزن یہہ ہے | فعولن فعولن فعولن فعول

در حمد حضرت خلاق عالم جل جلالہ و عم نوالہ و نعت سید بنی آدم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و سبب تصنیف این رسالہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جہان تک ہی عالم مین حمد و ثنا — سزاوار ہی تجھکو بار بنا
ہین سب عاقلان جگ کے حیرت مینے — کہ پونچی نہین عقل تیرے کنے
ہی لائق تجھے عظمت و کبریا — کہ مانند تیرے نہین دوسرا
نہ دل مین سماتا ہی تیرا جلال — نہ انکھیان مین ماتا ہی تیرا جمال
جو کچھ ہے دو عالم مین حسن و جمال — ترا عکس ہی بیشک ای ذو الجلال
ترے حسن کا ہر طرف ہی ظہور — ہی برتر سبھون سے محمد کا نور
ترے حسن کو ہی ظہور تمام — محمد کے ہستی مینے والسلام
ترے حسن و خوبی کا مظہر ہی او — جہان کے مظاہر سو برتر ہی او
ترے حسن کا ہی او مظہر اول — خلایق ہین اسکے مظاہر سگل
دیا تو اسے عالم روح بیچ — مقامان کہ ہین آدم و نوح بیچ
نتھا بلکہ آدم کا نام و نشان — نبوت سو اسوقت تھا او عیان
ہوا روح اسکا تجلی مین جب — ہوے مست و مدہوش ارواح سب
کیا حسن پاک اسکا جب وھان ظہور — ہویدا ہوا سب پو روز نشور
تماشے ہین اس نور کے قدسیان — گئے بھول خیر ہستی جسم و جان
ہوے مست ارواح پیغمبران — کئے چاک اپنا گریبان جان
بھی ارواح سب اولیا بے سخن — اٹھے شور و غوغا ہین بلبل من
غرض حسن مکان بیچ او گل اٹھا — جہان در جہان شور و غلغل اٹھا
حقیقت مین سبکا ہی مطلوب او — ہین سب عاشقان او محبوب او
جدھر اس شہنشاہ کا گھر اٹھا — ادھر سب خلایق کا جھمگٹ اٹھا
او خورشید ہی بیہ ذرات ہین — او باد صبا خلق سب پات ہین
او جہتا ب ہی سب خلایق چلکور — دو عالم مین ہی حسن کا اسکے شور
کیا جسم سو سب او سلطان ظہور — ہوا مختفی اسمین وہ روح و نور
ہوا حسن روحی کو تن پردہ پوش — دیا عشق ارواح کا بھی خروش
اگرچہ چھپیا تن مین روح کمال — دیا جسم کون اسکے خو بھی جمال
کہ جون روح اسکا اتھا ارجمند — ہوا حسن مین جسم بھی سربلند
نہ غایت رکھے اسکا روحی کمال — نہ پایان رکھے اسکا جسمی جمال
سب اخلاق پاک اسکے قال و فعل — کمالات روحی اپر تھی دلیل
ہین من دھنک اندر کہا ذکر نور — لکھا سہرن مین نوید ظہور
یہ مین بولین اسکی ولادت کی بات — یہ جگ سو ہین اسکا بیان تا وفات
ہین اب حسن کا اسکے کرتا ہون ذکر — جلایا و تا اس سے مرآت فکر
ہی دو قسم پر حسن ای جگ اجال — گئے بول کر یون سب اہل کمال
ہی قسم اول حسن و صورت سمجھ — ہی قسم دگر حسن سیرت سمجھ
دو نو حسن اسمین اتھے بر کمال — ہوا کوئی نہین انمین اسکے مثال
ہین کرتا ہون ہر دو صفت کا بیان — بھی عادات کا اسکے ذکر امیان
کہ واجب ہی ہر ہر مسلمان پر — پیمبر سنی اپنے رکھنا خبر
شمایل محمد کا ای مہربان — ہی تازیمین اور فارسی مین بیان
نہ دکھی زبہ نہین کیئن آیا نظر — مگر یک رسالہ کہ ہی مختصر
ہی سب دو ورق کا او نسخہ تمام — عبارت ہی اسکی ہت بے نظام

نشور — روز محشر ۱۲

بحی — مانند ۱۲

مرآت — آئینہ ۱۲

بہت عضو کا ذکر اسمین نہین بھی سیرت کا اسمین بیان ہین کہین
نہ مہر کز کیا بال کا کوی شمار عدد اسکا ہی جھوٹ ای ہوشیار
سیر کے کتابان جو ہین معتبر تامل سے کرنا او سب پر نظر
عربی مین ہین یہہ کتب معتبر مواہب شمایل عیون الاثر
کتب فارسی مین بھی بسیار ہین ولے معتبر ان مینے چار ہین
اگرچہ یہہ تینون بھی ہین معتبر ولے ہی مدارج کو شان دگر
صحیح مین روایات سب ای شریف نہین کوی روایت ہی اسمین ضعیف
ہی نام اس رسالے کا آرام دل ہی ذکر اسکا سہ باب پر مشتمل
سیوم باب مین ذکر عادت ہی جان وہ عادت سراسر عبادت ہی جان
برا فایدہ اسکا ای با حضور ہوے ہین جو کوی اسکے ملنے سو دور
رہے ہجر سو اسکے ہو سوگوار درون پر اگن ہو انکھیان پر شرار
کبھی صرصر آہ کا گرد باد دیا انکی راحت کی خرمن بباد
کبھی پنجۂ حسرت دردناک کیا صبر کے جیب کو انکے چاک
شب و روز حیرت مین مدہوش و دنگ دل و جان ہوا اپنے نہایت تنگ

بھی ہی پر غلط اسکا اکثر بیان نہین ہے کتابان مین کو نقصان
ہی واجب شمایل کے وصف ابر روایات باطل سو کرنا حذر
سیر کے ہین تا رہین لا کہون کتاب یون فارسی بیچ ہین بیحساب
چہارم ہی بہجہ نہی جسم شتا نہین جسکی خوبی کو کچھ انتہا
ہی اول شواہد معارج دوم چہارم مدارج ہی روضہ سیوم
مین کرتا ہون پیدا سو شوق دل عیان جو کچھ ان کتابان سے ہی بیان
جو کچھ اس رسالے مین ہی ای سجان احادیث کا ترجمہ ہی بجہان
اول باب مین ذکر صورتکا ہی دگر باب مین ذکر سیرت کا ہی
ثوابان شمایل کے ہین سو ہزار برکت کو اسکے نہین کچھ شمار
رکھے ہین دو نعلین پر اسکے سر نا پاون ہوا اسکے ملے چشم تر
کبھی شعلۂ دل ستی شمع سار کبھی موج آنسو منے غوطہ خوار
کبھی صیحۂ نالۂ جان گسزا دیا خانۂ عیش اسکے دھلا
کبھی موج دریا مین در خروش کبھی صورت آسا تحیر فروش
سو ہی یہہ شمایل انہون کے بدل تصور مین اسکے رہین بے خلل
تسلی دیوین اپنے جان کو تئین منور کرین اس سو ایمان کتئین

در بیان مناجات بحضرت مجیب الدعوات و قاضی الحاجات عم نوالہ

الٰہی بحق امام رسل کہ ہی حسن کا جسکے عالم مین غل
مجھے عشق سو اسکے کر بہرہ مند مجھے اسکی طاعت مین کر سربلند
مجھے اس نجاست سے تو پاک کر محبت مین اپنے مجھے خاک کر
پریشانی دل کو نین ہی شمار شب و روز حیرت سو ہی کاروبار
مرے تن کو امراض سے دور کر مرے دل کو راحت سو معمور کر
جو کچھ ہی مرے دل پہ رنج و ملال عیان سب ترے پر ہی ای ذو الجلال
نکر کس کا محتاج یارب مجھے نکال اس مصیبت ستی اب مجھے
مجھے صحبت غیر سو دور کر مرا دل انیس انس سو پور کر
نہین عیش کا ہی مرا دل اسیر ہی یہہ راز تجھ پر عیان ای خبیر
دگر نین تو دے مجھکو کسب حلال حرج پر تو کر اسکو آسان اتال
اگر ان دو حاجت سو یک مدعا نکرنا ہی خواہش مین تیرے روا
توکل مین دے مجھکو عالی مقام مجھے رکھ تو اپنے سے راضی مدام
مرا خاتمہ کر تو ایمان پر بحق محمد سراج البشر

بآل محمد بصحب کبار بہ سالار افراد و الانبار
گناہان کے کامین بے باک ہون نجاست سو دنیا کے ناپاک ہون
مرا جسم امراض مین چور ہی بھی دل فیض و وحشت سو معمور ہی
نہایت ناتوان ہی مرا جسم و جان مجھے طاقت صبر نین یک زمان
مجھے لطف سو اپنے کر کر بحال سدا عافیت بیچ رکھ ماہ و سال
مری حرمت و آبرو کر جتن نکر مجھکو محتاج ای ذو المنن
نہین صحبت غیر کا مجھ مین تاب ہی اسباب کا مجھ کو غم بیحساب
بلا واسطہ مجھکو دے ای خدا مرا قوت جو کچھ ہی تیری رضا
جو کچھ ہی ضروری سو کر مجھ عطا تو بر لا کرم سو مرا مدعا
یہہ سب تیری قدرت سو نزدیک ہی ترے حکم کے بیچ ہی کل شی
مجھے صبر دے فقر و فاقے اپر تجلی مین تیرے مجھے محو کر
غرض مجھکو محتاج کس کا نکر ترے در پہ رکھ مجھکو شام و سحر
کرا مجھ سو ہر دم عیان نور نہان ترا اور ترے دوستان کا بیان

سیرت: خصلت ۱۲
صیحہ: آواز ۱۲
انس: محبت ۱۲

دے غوثِ جہان کی غلامی مجھے
غلامی مین کر اُسکے نامی مجھے

مجھے ذکر مین اُسکے رکھہ تر زبان
اُسے کر مرے حال پر مہربان

دے باقر کو یون اُسکا ذرّات عشق
ہی سائیکو جون شخص کے سات عشق

شمایل مین کرتا ہون آغاز اب
تو سن شوق کے کان سون اُسکو سب

در بیانِ آنکہ ہمہ اعضای مُبارکِ آنحضرت صلی اللّٰہُ علیہِ وآلہٖ وسلّم در کمالِ اعتدال بُودند

ہی یک قاعدہ اُسکے اوّل ضرور
تو رکھہ اُسکو دل مین جون انکھیان مین نور

کہے آل و اصحاب اور عالمان
جنوبی شمایل کئے ہین بیان

کہ سر تا قدم شہکا ای ہوشیار
اتھا اعتدال و لطافت سون یار

اتھا اُسکے ہر عضو مین اعتدال
بھریا تھا ملاحت سون اُسکا جمال

سُنیگا تو وصف اُسکے اعضا کا جب
تو کر دل مین اِسبات کو یاد تب

بھی سرور کی تشبیہ ای نیک ذات
دیئے ہین جنوبی چندر سون بسات

یون اُس شاہ کے بھوت اوصاف کو
دیئے ہین شباہت بہت چیز سون

غرض انکا تفہیم ہی ای عزیز
وگرنہ چندر سور (آفتاب) وہان کیا ہی چیز

نہ نعلین کو اُسکے پوچھے چندر
او نعلین ہین عرش کے تاج سر

دو عالم مین مانند نین اُسکے کئین
اُسے ذہن مین لیکا مانند نین

در صفتِ سرِ مُبارکِ آنحضرت صلی اللّٰہُ علیہِ وآلہٖ وسلّم

علی ولی یون کیا ہی بیان
بھی ہند ابنِ ہالہ دیا یون نشان

کہ تھا بادشاہ دو عالم کا سر
بزرگ اور با اعتدال ای پسر

بزرگی سر عقل پر ہے دلیل
سب اہلِ فراست کہے ہین یہہ قیل

بزرگی سر سب کنے خوب ہی
شکل خلق کے پاس محبوب ہی

بحقِ سرِ مصطفیٰ ای خدا
مرے طبع کو کر تو جودت عطا

در صفتِ روی مُبارکِ آنحضرت صلی اللّٰہُ علیہِ وآلہٖ وسلّم

تھا مکھہ اُس کا آئینہ باصفا
اتھا جلوہ گر وہان جمالِ خدا

کہا ابنِ عازب کہ سرورِ دو کون
اتھا خوب تر بھوت سب خلق سون

کہا بو ہریرہ مین دیکھا نہین
پیمبر کے مانند یک شی کہین

تیا اُسکے مکھہ مین اتھا آب و تاب
گویا اُسمین پھرتا اتھا آفتاب

پوچھا ابنِ عازب کو یک شخص یون
صفا لیت مین تھا شہ کا مون سیف تیون

دیا اُسکو یون ابنِ عازب جواب
کہ مکھہ شہکا روشن تھا جون ماہتاب

بھی جابر کہا ہی کہ یک وقت مین
دیکھا چاندنی رات مین شہ کتئین

اتھا شہ اُپر جامہ سرخ خط
نہتا چاند واللہ اُسکے نمط

کیا مین نظر چاند اور شاہ کون
قسم ہی بہت خوب تھا چاند سون

جبیر ابنِ مطعم کہا یہہ سخن
کہ جب شہ پھراتا تھا رخ ہم رخن

تو دستا تھا رخسار اُس شاہ کا
نظر مین کہ ٹکڑا ہی جون ماہ کا

کہا ابنِ ہالہ کہ مکھہ شاہ کا
اتھا چودوین رات کے چاند سا

ہی صدیق اکبر سنی یہہ بچن
کہ تھا مون پیمبر کا ہالے مین

مکھہ اُسکا اتھا یعنے چندر جال
تھے انوار اُس مکھہ پو ہالے مثال

دئی عایشہ یہہ خبر سب کتئین
کہ یک رات کپڑیان کو سیتی تھی مین

گری سوئی مجھہ ہاتھ سے برزمین
لگی ڈھونڈنے مین اُسے ہر کہین

ملا نین وہ سوئی کا ہرگز سراغ
کہ اُسوقت مین گل ہوا تھا چراغ

سو اتنے مین آیا سراج الانام
کہ ہی نور سے جسکے عالم تمام

پڑا اُسکے چہرے کا اسطرح تاب
کہ مجھکو ملی سوئی میری شتاب

بھی بنتِ معوذ کہی ای پسر
محمد اُپر گر تو کرتا نظر

تجلّی منے اُسکے کھو اپنا تاب
سمجھتا کہ روشن ہوا آفتاب

بھی دوسری روایت مین آیا ہی یون
کہ تھا شہ کا رخسار آئینہ تیون

نمایان تھا وہان عکس دیوار کا
غلام ہی چندر اُسکے رخسار کا

ہی بیحد و حصر اُسکے مون کا جمال
نہین کوئی عالم مین اُسکے مثال

کہان ہی یہہ طاقت چندر سور کو
کہ پوچھے اور رخسار کے نور کو

ہو جانے کے خاطر ہی تشبیہ یہ
وگر نین تو سب شی سون برتر ہی او

جو کوی دیکھتا تھا او سرور کا مکھہ
او جاتا اتھا بھول سب درد و دکھہ

مکھہ اُسکا نجھار دو شب شاد تھا
جہان کے حوادث سون آزاد تھا

بجز معجزے کے بہت کافران
او مکھہ دیکھہ لائے ہین ایمان بجان

تھا یوسف سون صورت مینے خوب او
اتھا حسن مین بھوت ایزدی او

کہی عایشہ شہکی خوبی منے
دو بیان کہ مشہور ہین سب کنے

اگر مصر کے لوگ سنتے ذرا
جمال اُس شہنشہ کے رخسار کا

چندر ـ چاند ۱۲

ہو جانے ـ یعنے معلوم ہونا

تو یوسف کے لینے مین دیتے نہ ڈال / سب اُس گال کا دل مین بند تھے خیال ؛ زلیخا کے سارے ملامت گران / اگر دیکھتے شاہ کا مکھ عیان

بدل ہاتھ کے کاٹتے دل کنن / جمال اُس شہنشاہ کا کسمین مین ؛ تصدق سو اُس مکھ کے ای کردگار / مرے جی کو اُس مکھ اپر کر نثار

مرے دل پو چمکا کر اُس سور کون / منور کر اُس لیل دیجور کون ؛ مین آیا ہون جینے سو اپنے پتنگ / جلا مجکو اُس شمع پر جون پتنگ

ہوا ہی مرا روز جیون شب سیاہ / مین کیا حال تجکا کہون آہ آہ ؛ مرا روز روشن کر اُس نور سو / مرے شب کو اُس ماہ کے نور سو

درصفتِ چشم مبارک و بینائی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شہِ دین و دنیا کے ای سرفراز / بڑے تھے انکھیان اور پلکان دراز ؛ علی ولی کی روایت بھتر / صفت اُسکی ہے اوعج العین کر

ہی اوعج کا معنی سیہ چشم جان / بلا سرمہ یون تھے او انکھیان بجھان ؛ بھی ہی یک روایت مین اُشہل کگر / او ہین لال ڈورے سُن ای باخبر

روایت مین جابر کے اشکل ہی جان / تو معنی کو اُسکے دراز انکھ مان ؛ تھی بینائی اُس چشم کی بیحساب / ہی یون عایشہ سو خبر در کتاب

بجھاتا اتھا شہ اندھارے مین یون / بجھاتا اتھا او اجالے مین جون ؛ خبر ہے بجھاتا اتھا شاہ نے / اگیارہ ستارے ثریا منے

نظر شہ کی اکثر تھی بھین کے اُپر / کبھی آسمان پر بھی کرتا نظر ؛ نظر اُسکی بھی اکثر احوال مین / اتھی ای پسر گوشہ چشم سین

اگر کین بجھاتا تھا او نامدار / پھراتا تھا سب گرد ان ای ہوشیار ؛ بھی حق اُسکو بخشیا اتھا یہہ شرف / کہ تھا دیکھنا اُسکا چارو نطرف

بجھاتا تھا جون رو برو سر بسر / بجھاتا اتھا یون پس پشت پر ؛ بھی کہتا اتھا او شہ دل نواز / سگل مقتدیان کو بوقت نماز

کرو صف درست ہو مجھ سوا اول / کرو مت سجود و رکوع تم سگل ؛ نمازا رکوع اور سجود ہی عیان / مرے پر کہ مجھ مین ہے مجھ پر نہان

مرے پاس یہہ کام آسان ہی / اگے ہور پیچھے مجھے یکسان ہی ؛ تصدق سو اُس چشم کے ای کریم / مرے چشم کو رکھ ہمیشہ سلیم

تماشے سو کر غیر کے اسکو پاک / فطارے منے اُسکے نت اسکو ناک

درصفتِ گوش مبارک و شنوائی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبر مین یون آیا ہی ای نیک نام / کہ تھے حسن مین کان شہ کے تمام ؛ کہا شاہ یون یک روایت منے / کہ سُنتا ہون مین جو نہین تم سنے

مین سُنتا ہون آواز آسمان کون / ہی لاچاری اُسکو یہہ آواز سون ؛ کہ مین چار انگل کا مکان اُس بھتر / فرشتہ ہی ساجد مگر اُس اُپر

تصدق سون اُس کان کے ای خدا / ترے راز کے مجکو یا بان سُنا

درصفتِ جبین مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

گشادہ پیشانی اتھی شاہ کی / رسالت کے کھن کے نو ماہ کی ؛ کہا ابن مالک کہ او شاہ دین / پیشانی پو بھاتا تھا جب اپنے جبین

تھے یون روشنی بیچ او جھلدیان / ہوے تو کرے چاند جون عیان ؛ تصدق سو اُس جبین کے کر ای غفور / جبین سو مرے بخت کے چین کو دور

درصفتِ ابروئے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بھوان شہ کے باریک تھے اور دراز / بھی تھے تھوڑے پیوستہ ای سرفراز ؛ کماندار تھے اور بہت تھے سیاہ / احادیث اس بات پر ہین گواہ

الٰہی ہمیشہ بشام و سحر / اُس ابرو کو مجھ دل کا محراب کر

درصفت بینی مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتھی ناک اُنچی کہا یون علے / تصدق ہے چنپے کی اُس پر کلی ؛ تھی باریک خوش شکل ای ہوشیار / اتھی اُسکی خوبی بہت بیشمار

او بینی کے صدقے سوای ذوالمنن / جری حرمت و آبرو کر جتن

درصفتِ دہن مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مبارک دہن شہ کا ای جگ اُجال / اتھا حسن و خوبی منے بے مثال ؛ ہی لکھنے ستی بھار اُسکے صفات / لبالب اتھا ہمین آب حیات

بھی سرور کے ہونٹاں اُتھے خوب تر
اُتھے کہن کے تارے مِن مُستتِر
تصدّق سو اُس لب کے ای کردگار

تصدّق ہی یاقوت اُسکے اُپر
نتھا بلکہ ہونٹاں اُنکون نظیر

کشادہ اُتھے دانت اُسکے سگل
او سلطانِ دین باتاں کرتا تھا جب

اُتھے جوت میں موتیاں سو اگل
چمکتا تھا نور اُسکے داتاں سوں تب
مجھے ذکر میں اُسکے رکھ بر قرار

درصفتِ تبسّم و ضحکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

شہنشاہ ہر وقت ہنس مکھ اُتھا
جمائی سو محفوظ تھا شاہِ دین
بھی رونا اُتھا اُسکا اِسد ھات پر
تھا روتا شہنشاہ میت اُپر
تہجّد میں روتا تھا بے انتہا
یہہ اُمت سب اُس پر سو قربان اچھو
بھی رکھ مجھکو ای قادرِ مہربان

اُسے لطف سو حق کے نت سکھ اُتھا
کہ او فعل شیطان سوں ہی بالیقین
نہ تھا شور و آواز اُسکے بِچتر
و یا خوف سو اپنے اُمت اُپر
بزاں اپنے اُمت کو کرتا دُعا
نِت اُسکے محبت میں بیجان اچھو

اُتھا تازہ رو وہ شاہِ نول
نتھا قہقہہ اُسکے ہنسنے منے
بیا اُسکو تھا عشق میں درد و جوش
تھا روتا محبت میں رحمان کے
اِس اُمت بدل بہوت غمگین اُتھا
او رونے کے صدقے سو ای ذو المنن

تبسم اُتھا اُسکا ہنسنا سگل
نہ شور اُسکے ہنسنے منے کوئی سُنے
کہ تھا دیگ تیوں اُسکا سینہ بجوش
بھی روتا تھا سُنتے سو قرآن کے
اِس اُمت کو اُسپر کرے حق فدا
اُس اُمت کو کر ہر بلا سو جتن
سدا اُسکے اُمت اُپر جان فشان

درصفتِ آبِ دھن مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

تھا آبِ دہن اُسکا ای باصفا
گیا اُسکا آزار فی الحال وین
جُھنگایا اُسے شاہ اپنی زبان
او پانی ستیا باوری بیچ شاہ
ہوا آب اُسکا میٹھا او رچھل
ستیا مون میں اُنکے شہ تھوک کون

جگر خستۂ رنج و غم کو شفا
کیا جا کون تب فتح خیبر کتیں
نتھی اُسکو اُسر وزیبا ایں الحون
بھری مشکِ خالص کے بو سو او جا
نتھا اُسکے مانند وہاں کوئی جل
او دن مون بھرا او دو دھ سو

علی ولی کے تھا آنکھاں میں درد
تھا ایک روز بیبا سا امام حسن
آیا شہ کے نزدیک دلو آب
اُنسکی اُتھی باوری گھر میں بھی
لجائی تھی بلکہ روز سرور دھیر
تصدّق سو اُس تھوک کے ای حکیم

ستیا اُسمیں تھوک اپنا او شاہِ فرد
شہِ ہر دو عالم کے گھن کا رتن
ستیا اُسمیں اپنا مبارک لعاب
ستیا تھوک پاک اپنا اُسمیں نبی
کتیک بچہ شیر خوار ای گھنیر
عطا کر شفا مجھکو ہوں میں سقیم

درصفتِ آوازِ مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

خوش آواز تھا او شہِ نامدار
نتھا پوچھتا کِس کا آواز جان
تو آواز جاتا بہت دور تر
تصدّق سو اُس صوت کے ای خدا

لجاتا تھا خاطر سو صبر و قرار
اُتھا پوچھتا شہ کا آواز وہاں
سب عورتاں سُنتے تھے پردے بِچتر

او آواز تھا آرت سیلہ مپت
خصوصاً او جب خطبہ پڑتا اُتھا
پڑ خطبہ یک روز شہ وقتِ حج

دلاں اُسکے سُننے سو جاتے تھے
کہ ہر وعظ کے دلپہ چڑتا اُتھا
ہوا دور و نزدیک سبکوں سمج
مجھے اُسکا آوازِ دلکش سُنا

درصفت فصاحتِ مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

فصاحت کی تعریف کوئی کیا کرے
نہیں تھا فصاحت کتیں اُسکے حد
کہا ہی او افصل ہوں میں حق کنے
کہا یوں عمر شہ کوں ای نامدار
کہا شہ فتح اللہ کی بات سب

کہ سحبان وہاں بھی اُپر بر پرے
نتھا جوں ملاحت کتیں اُسکے حد
عرب ہور عجم سو فصاحت منے
نہیں کیں گیا تو تمارے سو بھار
گئے تھے بسر یہ سب اہلِ عرب

اُتھا افصح الخلق شہ در کلام
ہی بہتر کلام اُسکا قرآن تجھے
سِکایا فصاحت مجھے خوب حق
نہیں جا ملیا کوئی حرف دستی
لے آیا ہی جبریل اُسے مجھ اُپر

جگت کے فصیحاں ہیں اُسکے غلام
بجز کافر اُسمیں کسے شک اچھے
فصاحت میں ہے مجھکو سب پر سبق
فصاحت کہاں سو تو لایا بتی
کیا اُسکتیں یاد میں سر بسر

دیا حق تجھے باتاں اختصار
سخن یک اچھے او معنی ہزار

اتھا جھوٹ او شاہ شیریں سخن
سخن سو لجاتا تھا عالم کا من

سخن اُسکا پرتا تھا جب کان میں
نکل تے تھے ارواح ابدان سیں

اتھی بات اُس شہ کی مفتاح راز
کہ کرتی اتھی قفل کو دل کے باز

دیا تھا وہ ابر بہاری نمن
کہ کرتی اتھی تازہ دل کا چمن

دیا خود اتھی نور میں مثلِ سور
کہ کرتی تھی سینے سے انکار دور

بہت کافراں سنکو او خوش مقال
مسلمان ہوئے کفر دل سوں نکال

تصدق سو اُس بات کے ای خدا
ورے من کے دین کو دیے تو جلا

در صفتِ موئے مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میانے لٹھے شاہ کے سر بال
خم و سیدھے بیچ ای حلک جال

درازی میں یو تھے کاندے کنے
یوں آیا ہی اکثر حدیثاں منے

کبھی سر منڈایا نیں او نامدار
مگر حج و عمرہ منے چند بار

دیا بانٹ اصحاب کو سب او بال
رکھے سب اُسے اپنے جیو کے مثال

او سرور کتیں سیس بھر بال تھے
دلاں صید کرنے کتیں جال تھے

نہایت تھی خوشبو او موی سیاہ
ہی کہنا اُسے مشک عنبر گناہ

بھی ہی یک روایت میں سدھاتے
کہ دھوتا تھا سر جبکے بابت سے

بھی سنت اہے بال رکھنا تمام
نگاہ اُسکی کرنا بہر صبح و شام

نگاہ اُسکی تیر نے سو نا ہوے اگر
تو اُس وقت فضل منڈا تا ہی سر

تصدق سو اُس بال کے ای خبیر
تجھے زلف میں اُسکے کر تو اسیر

در صفتِ ریش مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتھے دات سرور داڑھی کے بال
چندر مکھ تو اُسکے تھا ہا مثال

اتھی خوب و خوش اور گرد و دراز
اتھے کالے بال اُسکے ای سرفراز

اگرچہ تھی عمر اُسکی تریسٹھ برس
خدا اُسکو قوت دیا تھا سرس

او نقصان پیری سو محفوظ تھا
منج اُسکا جوانی سو محظوظ تھا

تھے اُجلے سو ستر اتھاراج بال
او سر او داڑھی میں ای باکمال

ابوبکر شہ کو کہا ایک روز
ہوا تو بڈا ای شہ دل فروز

کہا سورہ ہود او واقعات
کئے ہیں تجھے پیر ای نیک ذات

مونچھیا نکو کترتا تھا او خوش خصال
بھی داڑھی ستی کم کراتا تھا بال

بھی فرمان کیا یوں سب امت کتیں
رکھو ریش کترو سبلت کتیں

نکھاں ہاتھ اور پاؤں کے ای حضور
او شہ جمعہ کے روز کرتا تھا دور

لگاتا تھا یک روز آرا ای میان
سر و تن کتیں تیل او جا جان

بھی سو سر و ریش کو شاہ کن
کنگوئی ایک دن آڑ کرتا تھا ان

بجھاتا تھا درتن میں اپنا جمال
جمال اُسکا تھا بیحد و بے مثال

یوں آیا ہی اخبار میں ای سجان
کہ مسواک و مقراض او سرمہ دان

بھی آئینہ ہور شیشہ یک تیل کا
کنگوئی او سوئی دھاگے ای با صفا

سفر میں ہمیشہ او سرور کے سات
یہ سب چیز رہتے تھے رکھ یاد بات

او داڑھی کے صدقے سو ای کردگار
نگہہ رکھ مری آبرو ہور وقار

در صفتِ گردنِ مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شہنشہ کی گردن بہت خوب تھی
صفائی میں روپے سو اپر روپتی

اتھی حسن و خوبی منے بے مثال
ہرن کی ہی گردن کو کاں او جمال

او گردن کے صدقے سو ای کردگار
ورے دل کے گردن کے بوجھ اُتار

در صفتِ ہر دو دوش مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دونو کاندے سرور کے ای نامور
اتھے دور آپس میں یا یکدگر

اتھے استخوان اُنکے با اعتدال
اتھے خوب مرغوب و خوش با جمال

در صفتِ سینۂ مبارکِ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بھی چوڑا اتھا سینۂ شاہِ دین
بھرا اُس میں تھا گنج علم یقین

اتھا پیٹ شہ کا بہت خوب تر
حریر او رقاقم غدا اُس اپر

بھی سرور کو بالاں کی باریک لکیر
لے سینے ستی ناف تک ای بصیر

نتھے پیٹ و سینے کوں کیں او بال
ولیکن تھے کاندے پو ای جگ اجال

تھے بالائے صدر یعنی سینے اپر
بھی تھے دو نو پستاں پو ای خوش سیر

تھے اُجلے شہنشہ کے ہر دو بغل
سیاہی تھی اُنمیں کچھ ای لول

نہ تھا انھیں بالاں کا نام و نشان / تھی بو مشک کی ان سوں ہردم عیان
او سینے کے صدقے سوں ای ذوالکرم / لگا جا میرے سینے سوں اندوہ و غم

درصفت پشت مبارک و مہر نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتھی پیٹھ سرور کی ہموار و صاف / تھی صفو میں روپے سے خوش غلاف
لکھا تھا او مہر نبوت بھتر / خدا ایک ہی ہے نہیں کوئی دگر
کتیک بال اس میں اتھے ایخوان / چمکتا تھا نور اس ستی ہر زمان
اپسے شکل میں اسکے سب یہہ مقال / ہی ظاہر خدا کے اپر سب جمال
تھا مہر نبوت دو شانیاں کے بیچ / کہ تھا خاص اس سے سارے نبیاں کے بیچ
تو جا جس طرف میں ترا بھاگ گا / تو وہاں حق کے نصرت سو جس پائیگا
تھا خاتم کبوتر کے انڈے ہمن / احادیث سوں بھی یہہ ثابت بچن
او خاتم کے صدقے سوں ای دادگر / مرا خاتمہ کر تو ایمان پر

درصفت دستہای مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تھے بازو شہنشاہ کے ای جوان / سطبر و قوی او رصافی پچھان
کف دست تھے شہ کے نرم و فراخ / اتھا اس سوں ریشم کا دل شاخ شاخ
کہا ہی انس میں چھیا ہیں کبھی / نہ ریشم نہ دیبا جو دست نبی
کہا جابر آ یہہ سخن سب کنے / تھی خنکی و خوشبوئی اسمنے
کہا وائل ابن حجر اس ضیا / مصافا کیا میں شہنشاہ کا
سفر میں جو ہوتے تھے پیاسے صحاب / ابلتا تھا شہ کے انگلیاں سوں آب
ہیں یوں معجزے بہوت اس ہاتھ کے / ہیں ذکران کتابان میں اثبات کے
نکو کس کا محتاج کس چیز میں / ☼

بھی ساعد اتھے یوں شہنشاہ کے / نبوت کے آسمان کے ماہ کے
بھی انگلیاں اتھے شہ کے نرم و دراز / احادیث میں یوں ہے ای دل نواز
شہنشہ چھپا ایک دن پیار سوں / کرم کر کو جابر کے رخسار کوں
کہ گویا بکالا اتھا ہاتھ کوں / شہنشاہ طبلی عطار سوں
بزان میں سونگیا آپنے ہاتھ کوں / تو آتی تھی بو مشک کی ہاتھ سوں
اگر ہاتھ رکھتا تھا بیمار پر / مرض اسکا جاتا اتھا بھاگ کر
تصدق سوں اس ہاتھ کے ای خدا / مجھے سب تو اس ہاتھ سوں کر عطا
☼ / مجھے سب عطا کر تو اس ہات سیں

درصفت قدم مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قوی ہور پرگوشت تھے شہ کے پاؤں / ہیں اس پاؤں اوپر سوں قرباں جاؤں
[illegible] / [illegible]
تھے وہ پاؤں یوں صاف ہموار تر / کہ پانی ٹھہرنا نہ تھا ان اپر
شہنشاہ کے پاؤں کے ای گری / بھی انگشت سبابہ سب سے بری
اتھا گوشت کم اسکے ایڑی اپر / بھی آیا ہی یوں در حدیث دگر
او رکھتا اتھا بھیں یو سارا قدم / زمین میں سوں ہوتی اتھی زندہ دم
دو پیندریاں شہنشاہ کے ای شریف / تھے خرچے کے گابیکے یوں خوش لطیف
تصدق سوں اس پاؤں کے ای خدا / مرے سر پہ رکھ اسکا سایہ سدا

درصفت قامت زیبائی مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شہنشاہ کا قامت ای سرفراز / نہ کوتاہ تھا نا بہت تھا دراز
دو نو شانے سرور کے مجلس بھتر / تھے سب سوں بلند ای گرامی گہر
بھی جسم لطیف اسکا ای نیکبخت / نہ ڈھیلا بہت تھا نہ بسیار سخت
اتھا نور صرف او سراج الانام / نہیں نور کوں سایہ ای نیکنام
جب آتا تھا لوگاں میں او ارجمند / رہتا سارے لوگاں کے بیچ بلند
نہ موٹا بہت تھا نہ دبلا اتھا / وہ ہر حسن و خوبی میں یکلا اتھا
نہ پڑتا اتھا سایہ زمین کے اپر / او سرو بلند [illegible] بھتر
او قد کے تصدق ستی ای کریم / مجھے شرع پر اسکے رکھ مستقیم

درصفت رنگ مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شہنشاہ کا رنگ گورا اتھا / او گورے پنے بیچ نورا اتھا
بھا چمکات اس رنگ میں بہانگ / کہ نیں سورج و چندر نے او جھلک
جو بولیں گا کالا اتھا شہ کا رنگ / تو ہی واجب القتل وہ بے درنگ
تھا رنگ سفید اسکا سرخی سات / بھریا تھا ملاحت سوں او پاک ذات
جو اعضا رہتے اسکے جا سو بہار / سوں او بھی اتھے صاف ای ہوشیار
ہی یہہ بات اسکی دلیل نفاق / ہی علما کا اِسبات پر اتفاق

تصدق سو اُس رنگ کے ای خدا
مرے رنگ باطن کوں دے تو جلا

در صفتِ رفتار جانفزای آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتھی دلتی چال اُسکی ای نامدار
نتھا اُسکے چلنے میں کچھ اضطرار
بہت جلد چلتا تھا او شاہِ دین
شہنشاہ آہستہ تھا راہ رَو
پیادہ بھی چلتا بھی ہوتا سوار
نہ وُہ بھاگتا تھا نہ کرتا کلول
بھی کہتا تھا انکو چلو مجھ اگل
تصدق سو اُس چال کے ذوالجلال

بہت پر لطافت بہت باوقار
تھا پر استقامت او عالی جناب
گویا اُسکو ہوتی اتھی طی زمین
ہلجاتا تھا چلنے میں سب سو گرو
خصوصاً لرزایاں او تاجدار
بھی ہرگز نہ کرتا اتھا لیڈ بول
رکھو مینت خالی فرشتاں بدل

تھا دھر تا قدم بھوت سے او
کہیا بو ہریرہ کہ شر سار ہیش
پچھے اُسکے چلتے اتھے دَور ہم
کبھی ہیں کر نعل چلتا اتھا
خبر ہی کہ وہ سرورِ نامور
جب اصحاب لے ساتھ چلتا اتھا
نہ بالو پو ہوتا اتھا نقش پا

اتھا تا دم ابو تنا سر سے او
ندیکھا ہوں چلنے میں دیسر کہیں
مشقت سو ہوتے تھے ہم سب ندم
بلا نعل کے بھی نکلتا اتھا
رہتا جب تلک پُشت مرکب اُپر
تھا پیچھے اپے اُنکو آگے چلا
پتھر کے اُپر نقش اُٹھتا اتھا
مری چال کو تجرو ی سو سنبھال

در صفتِ بوئے خوش وعرق مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تھا خوش بو بہت او مبارک بدن
لگاتے تھے خوش بوئی ہم بیقیاس
بھی کہتے اتھے لوگ یوں ہر کہیں
کہیا انکو بیمار تھا ہیں اول
ہیں چھلیاں سستی بہت ہیا رہیں
ہزاں ہاتھ پر اپنے شہ تھوک کر
بھی یک شخص چاہا کہ دختر کہتیں
نتھا نقد کچھ شہ کے نزدیک تب
ہزاں اُسکو تولیا یہہ شیشی لجا
لگاتی تھی طیب اُس سو جب او چنچل
گراتا تھا کوئی شہ کے ملنے بدل
شہنشہ کے بھر نے سو ای نیکنام
کہی عائشہ یک روایت بھتر
جو بچے کے سر پر شہ پاکذات
وہ سر دیہہ خوشبوئے ذاتی کے سات
ہوا حسن صورت بیان اب تمام

نہ کوئی مشک و عنبر تھا اُسکے ثمن
کہ تا ہو وہیں مقبول عتبہ کے پاس
کہ کوئی بوئے خوش اُسکی بو تیوں نہیں
مرے تن یو کھتے چھالے نکل
نیت اُس مشقت سستی زار ہوں
پھر آیا مرے بیت او بیٹھہ پر
روانہ کرے مرد کے گھر کہتیں
شتابی کیا ایک شیشی طلب
سیر ینگی تو بھی اُسمیں خوشبوئی بھا
تو سنگتے تھے اہلِ مدینہ سگل
ہتور اُسکو نپاتے اُنے درمحل
تھی خوشبو مدینے کے کوچے تمام
عرق اُس شہنشاہ کے مکھہ اُپر
پھر آتا تھا اپنے مبارک اوقات
سر و کار رکھتا تھا خوشبو سنگات
بحقِ محمد علیہ السلام

کہی اُمّ عاصم روایت منے
لگاتا نتھا بوئے خوش او کبھی
کہے ہم اُسے ای مبارک نہاد
گیا شاہ کے پاس میں ایک روز
کہیا شاہ کپڑے کو کر تن سے دُور
ہی تب سو یہہ خوشبوئے تن منے
نتھی طیب اُسکیاں سو لاچار تھا
او شیشی منے ڈال خوشبوئی کو
تو بولا اپنے بیٹی کو ای نامور
او گھر کا مدینے کے لوگ اپسر
تو جاتا نشانی سو خوشبو کے اُن
تصدق سو اُس طیب کے ای خدا
لطافت میں تھا لولوِ تر سو خوب
او نچے سو خوشبو نکلتی ہتی
لگایا ہی مشک و جوا ای حبیب
تصدق سو اُس حسن کے ای خدا

کہ ہم چار عورت تھے عتبہ کنے
تھی بو اُسکی ورا انکی بو پر سبھی
تو خوشبو میں ہے ہم سبھوں سے زیاد
کہیا اُسکو ای سرورِ دلفروز
کیا وو ہمیں اُسکو تب در حضور
نہیں پائی جاتی اتھی کس کنے
بدل طیب کے شاہ کن کچھ منگیا
سٹیا اُس منے آپنے خوئی کو
یہہ شیشی سو اپنے یو خوشبوئی کو
رکھے نام خوشبوئی لوکاں کا گھر
گیا جان اتھا او شہنشاہ کون
مدینے میں جاگا مرا کر سدا
تھا خوشبو سے مشک اَفر سو خوب
کہ عمتا رہو تا اتھا سب ستی
کہ محبوب تھی اُسکنے بہوت لب
مجھے حسن نیت اُپر رکھہ سدا

باب دوم در بیان حسن سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شروع حسنِ سیرت کو کرتا ہوں اب
بیان مختصر اُسکا کرتا ہوں سب
تھے اخلاق سب شاہ کے باکمال
نتھا اُن منے کوئی اُسکے مثال

کہا عایشہ پاس آیک جوان
کہ ای مادر مہربان کر بیان
شہنشہ کے اخلاق تھے کیسو صنا
مجھے یکبیک اسکتین سب سنا
کہی عایشہ اسکو ای ہوشیار
ہی تفصیل اسکی نہایت عجب
ولیکن میں کہتی ہوں اب مختصر
کہ خلق اسکا قرآن تھا سربسر

در صفت عقل و علم و صبر و حلم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتہا عقل میں یا شہ پاک زاد
سگل انبیا اور ملک سوں زیاد
کہا ہے او یوں سرور اہل علم
مجھے اولین آخرین کا ہی علم
نہیں علم سو اسکے کس کو خبر
احادیث و قرآن ہیں اسبات پر
او جیسا اتھا علم میں بے نظیر
اتھا صبر ہور حلم میں بے نظیر
کیا صبر ایذا یو کفار کے
دکھائے اسے خویش ہور بہار کے
کہاں ہیں دکھائے گیا کوئی نبی
میں جیسا دکھائے گیا ہوں کبھی
زیادہ ہیں دیکھا ہوں سب سے جفا
ندیکھے ہیں اس رنج کو انبیا
احد میں تو تیا دانت اس شاہ کا
بھریا لہو ستی سب مکھ اس ماہ کا
کہا یا رب اس قوم کو کر عطا
ہدایت بھی بخش انکا جرم و خطا
نہیں جانتے ہیں مجھے یہہ تمام
اگر جانتے تو نکرتے یہہ کام
دکھائے شہنشاہ کو کئے لعین
ہوا خاطر پاک اسکا حزین
فرشتہ موکل جو بارے اوپر
اتہا سو چل آیا شہنشہ کے گھر
کہا گر مجھے ہوئیگا حکم پاک
کروں گا میں سب کافران کو ہلاک
کیا ہود کے وقت میں عاد کو
ہلاک ای شہنشاہ اس باد سو
کہا حق مجھے جا تو احمد کے دہیر
جو کچھ ان کہیگا سو سن ای گھنیر
کہا شاہ جا ای موکل ثواب
کیا ہے مجھے رحمت خلق رب
میں آیا ہوں عالم کے رحمت بدل
نہ آیا ہوں میں رنج و زحمت بدل
مرا رحمت العالمین نام ہے
عذاب و بلا نیں مرا کام ہے
جتنے تھے موکل فرشتے سو آئے
جواب یہہ شہنشاہ کے مکھ سو پائے
کھیچا ایک جنگلی نے شہ کی ردا
اثر اسکا نازک بدن پر اتھا
کہا جھوت نندی سو او بے ادب
مجھے کچھ عطا کر تو ای شاہ اب
صحابہ کئے مارنیکا خیال
کیا منع انکو شہ با کمال
دیا شہ اسے جو کیا تھا طلب
ہوا شہ سے خوشوقت او بے ادب
عمر نے کہا ای رسول خدا
اچھو تجھ پہ ماں باپ میرے فدا
غضب ناک ہو نوح ایس قوم پر
جفایاں سو انکے کہا لا تذر
ہوئیں ہر نبی دیکھ ظلم و جفا
کیا آپنے قوم پر بد دعا
تو ان سب دیکھا جفایاں بہوت
اوک انسو سو سیا بلایاں بہوت
نو کرتا اگر بد دعا ہم اوپر
تو ویران ہوتے ہمیں سربسر
ولیکن تو ای خاتم الانبیا
کیا میں تو ہرگز کبھی بد دعا
کہا بلکہ یا رب بلطف و عطا
مری قوم کا بخش جرم و خطا
تصدق سو اس عقل و اس علم کے
تصدق سو اس صبر و اس حلم کے
